آکیوٹ سروسز ڈویژن

NHS Greater Glasgow and Clyde

# نچلا عضو کٹنے کے بعد گاڑی چلانے کے

## کے بارے میں معلومات

## (Information about Driving after lower limb amputation – URDU)

**WestMARC [ویسٹ مارک]**

ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ موبلٹی اینڈ ریہبلیٹیشن سروس

## 1. میں ڈرائیونگ کی طرف واپس آنا چاہتا/چاہتی ہوں، مجھے کس چیز کے بارے میں آگاہ ہونے کی ضرورت ہے؟

قطع عضو کے بعد گاڑی چلانے کے لیے اپنی ڈرائیونگ کی عادات میں تبدیلی لانا شامل ہوتا ہے۔ آپ کو یہ بات یقینی بنانی ہوگی کہ آپ اپنی گاڑی کو محفوظ طریقے سے کنٹرول کرنے کی اہلیت رکھتے/رکھتی ہوں۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ڈرائیونگ کی طرف واپس آنے کے امکان پر بات کرنے کے لیے اپنے جی پی سے رابطہ فرمائیں۔

جب تک کہ گاڑی پر مناسب کنٹرول حاصل نہ ہو سڑک پر موٹر گاڑی چلانا ایک جرم ہے (روڈ ٹریفک ایکٹ 1991)۔

ہم ہمیشہ تجویز کرتے ہیں کہ آپ ماہرانہ مشورے کے لیے اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس، ایسٹلی اینسلی ہاسپیٹل، ایڈنبرا کے ساتھ اسٹیلی فون پر رابطہ کریں:- 0131 537 9192۔ اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس مطابقت پذیر بنائی گئی کاروں میں ڈرائیونگ کے انفرادی جائزوں کا بھی انتظام کر سکتی ہے۔

## 2. میں ڈی وی ایل اے سے رابطہ کر کے کیسے بتا سکتا ہوں کہ میرا عضو کاٹ دیا گیا ہے؟

اگر آپ گاڑی چلانا سیکھ رہے ہوں یا قطع عضو کے بعد ڈرائیونگ کی طرف واپس آ رہے ہوں تو آپ **قانونی طور پر ڈی وی ایل اے (ڈرائیور اینڈ وہیکل لائسنسنگ ایجنسی) کو اپنے قطع عضو کے بارے میں بتانے کے پابند ہیں۔** ترجیحی طور پر آپ کو یہ کام تحریری طور پر کرنا چاہئے)۔ یا آپ ڈی وی ایل اے کے ڈرائیورز کی میڈیکل ویب سائٹ (www.gov.uk/government/organisations/driver-and-vehicle-licensing-agency) سے ڈرائیور کا مناسب سوالنامہ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا آن لائن فارم بھر سکتے ہیں۔

## 3. کیا مجھے اپنی انشورنس کمپنی کو بتانا ہوگا اور کیا اس سے میرے پریمیم میں اضافہ ہو جائے گا؟

**اپنی ڈرائیونگ شروع کرنے سے قبل** آپ کو اپنی بیمہ کمپنی کو اپنے قطع عضو اور ڈرائیونگ میں ہونے والی کسی بھی ترمیم کے ساتھ ساتھ ڈرائیونگ لائسنس کے بارے میں کسی بھی طرح کی پابندیوں کا بھی بتانا چاہیے۔ اگر آپ **کسی بھی معذوری کے بارے میں بتانے میں ناکام رہتے ہیں تو یہ انشورنس کے کسی بھی دعوے کو باطل کر سکتا ہے۔**

چند ایک انشورنس کمپنیاں اضافی پریمیم کا مطالبہ کر سکتی ہیں لیکن انشورنس کی قیمتوں کا موازنہ کر لینا اچھا ہوتا ہے۔ ایکوالٹی ایکٹ (2010) کے تحت زیادہ پریمیم کے تقاضوں کو روکنا چاہیے۔ معذور ڈرائیوروں کے لیے تحفظ فراہم کرنے میں مہارت رکھنے والی انشورنس کمپنیوں کی تفصیلات اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس سے دستیاب ہیں یہ ان انشورنس کمپنیوں کی تفصیلات فراہم کر سکتے ہیں جو معذور ڈرائیوروں کے لیے تحفظ فراہم کرتی ہیں۔

## 4. کیا کار کے لیے مالی اعانت میں مدد یا اس کو موافقت پذیر بنانے کے لیے کوئی مدد فنڈنگ دستیاب ہے؟

اگر آپ یہ وصول کرتے ہوں تو فنڈنگ دستیاب ہے:

- ڈیس ایبلٹی لیونگ الاؤنس [Disability Living Allowance] کی زیادہ شرح۔
- پرسنل انڈی پینڈنس پیمنٹ (Personal Independence Payment) کی زیادہ شرح۔
- وار پینشنرز موبلٹی سپلیمنٹ [War Pensioners Mobility Supplement] یا
- آرمڈ فورسز انڈی پینڈنٹ پیمنٹ [Armed Forces Independence Payment]

یہ سب آپ کو موٹیبلٹی اسکیم میں شامل ہونے کا اہل بناتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے ویزٹ کریں **www.motability.co.uk**

**موٹیبلٹی اسکیم کے فوائد میں یہ شامل ہیں:-**

- لیز پر کار لینے کی لاگت کے حصول کے لیے اپنے بینی فٹ کے موبلٹی حصے سے دستبردار ہوں۔
- ہر 3 سال بعد نئی کار۔
- روڈ ٹیکس یا انشورنس کے کوئی اخراجات نہیں۔
- مفت روڈ سائیڈ ریکوری

**مراعات:-**

- زیادہ شرح والی موبلٹی ڈی ایل اے یا موبلٹی پی آئی پی کی اضافی شرح حاصل کرنے والے افراد روڈ ٹیکس کی ادائیگی سے استثنیٰ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، بشرطیکہ کار صرف مَقطُوع افراد کے استعمال کے لیے ہو۔
- اگر معذور ڈرائیور کے واحد استعمال کے لیے موافقت پذیر بنائی جائیں تو نئی کاریں ٹیکس سے مستثنیٰ ہو سکتی ہیں (پری ڈیلیوری)۔
- معذور افراد کی پارکنگ کی رعایتیں فراہم کرنے کے لیے بلیو بیج اسکیمیں مقامی طور پر دستیاب ہیں۔ براہ کرم مزید مشورے کے لیے اپنی لوکل اتھارٹی یا پیشہ ورانہ معالج سے رابطہ فرمائیں۔

**اگر فنڈنگ دستیاب نہ ہو:-**

اگر آپ مندرجہ بالا فوائد حاصل نہ کرتے ہوں تو آپ کو کار یا کسی موافقت پذیری کے لیے ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ آپ فنڈنگ میں مدد کے لیے کسی چیرٹی سے رجوع کر سکتے ہیں۔ چند ایک چیرٹیز گاڑیوں کی موافقت پذیری کے لیے گرانٹ فراہم کرنے کے قابل ہوتی ہیں۔

**چیریٹی چوائس** - آن لائن چیریٹی ڈائرکٹری عطیہ دینے والی چیرٹیز کی کے لیے سرچ سروس فراہم کرتی ہے۔
ٹیلیفون: **020 7324 2365 www.charitychoice.co.uk**

**ٹرن 2 یوز [Turn2Us]** – مالی ضروریات رکھنے والے افراد کے لیے ایک ویب سائٹ:

عطیہ دینے والے خیراتی اداروں کو تلاش کرنے کے لیے سرچ سروس بھی فراہم کرتے ہیں۔
**www.turn2us.org.uk**

## 5. میری دائیں ٹانگ کاٹ دی گئی ہے مجھے کس چیز پر غور کرنے کی ضرورت ہے؟

ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ ہاتھ یا بائیں پاؤں کے ایکسلریٹر سے کنٹرول ہونے والی خودکار کار چلائیں۔ آپ کو خودکار لائسنس کے بارے میں ڈی وی ایل اے سے رابطہ کرنا ہوگا۔

**دستی کنٹرولز:**

- ہینڈ کنٹرولز ایکسلریٹر چلاتے اور بریک لگاتے ہیں۔
- اگر آپ کو دوران خون یا حِس کے مسائل کا سامنا ہوں جو آپ کے بائیں پاؤں کو متاثر کرتےہوں تو ہم ہاتھ کا کنٹرول تجویز کریں گے۔
- ہماری **پرزورتجویز** ہےکہ کسی منظور شدہ ڈرائیونگ انسٹرکٹر سے ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کریں۔ آپ کو خصوصی **مشورے** کی ضرورت ہو گی۔
- وہ مَقطُوع افراد جن کے نچلے اعضاء (دونوں) قطع کیے گئے ہوں کے لیےہینڈ کنٹرول ہی واحدآپشن ہے۔

**بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر**

- ایکسلریٹر پیڈل اصل پوزیشن سے الگ ہوتا ہے اور بریک پیڈل کی بائیں جانب دوبارہ سے جوڑ دیا جاتا ہے۔
- اس تبدیلی کے فوائد یہ ہوتے ہیں کہ روایتی ڈرائیونگ کرنے کے لیے ایکسلریٹر پیڈل کو اصل پوزیشن کی
- طرف واپس پلٹایا جا سکتا ہے۔ اگر خاندان کے دیگر افراد ایک ہی کار استعمال کر رہے ہوں تو یہ مفید ہوتا ہے۔
- ایڈجسٹ کرنے کے لیے عملی کام اور وقت درکار ہوتا ہے (ڈرائیورز کے پاس ایک مضبوط خَمیدہ کلچ ہوتا ہے، بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر لگا ہوتا ہے، ایمرجنسی صورتحال میں ایکسلریٹر دبانے کا خطرہ ہوتا ہے)۔
- اس آپشن پر غور کرنے سے قبل ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ ڈرائیونگ انسٹرکٹر سےایک منظور شدہ کار پر تربیت حاصل کریں۔
- اگر آپ کو دوران گردش یا محدود حِس (مثلاً نیوروپیتھی) کا مسئلہ درپیش ہو تو **یہ کوئی آپشن نہیں ہے**۔

## 6. میری بائیں ٹانگ کاٹ دی گئی ہے مجھے کس چیز پر غور کرنے کی ضرورت ہے؟

ہم آپ کو خودکار کار چلانے کا مشورہ دیں گے۔

ہم آپ کو مشورہ دیں گے کہ ہاتھ سے گاڑی نہ چلائیں کلچ کو اپنی بائیں مصنوعی ٹانگ سے چلائیں کیونکہ:-

- اگر آپ اپنا مصنوعی عضو پہننے سے قاصر ہوں تو آپ اپنی گاڑی نہیں چلا سکیں گے۔
- حِس کی کمی کی وجہ سے اگر آپ کا مصنوعی پاؤں کلچ پیڈل سے پھسل کر ایکسلریٹر کے پیڈل پر چلا جائے یا ممکنہ طور پر کسی اور پیڈل کے نیچے اٹک جائے تو آپ کو علم نہیں ہوگا۔

## 7. اگر میں خودکار کار نہ چلانا چاہوں تو کیا کوئی اور آپشنز موجود ہیں؟

پش بٹن کلچز اور سیمی آٹومیٹک کلچز یا سرو اسسٹیڈ کلچز بھی دستیاب ہیں لیکن آپ کو ماہرانہ مشورہ درکار ہو گا۔ براہ کرم اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس سے رابطہ فرمائیں۔

اگر آپ اپنی مرضی کے مطابق دستی کار چلاتے ہوں لیکن آپ کا لائسنس صرف خودکار گاڑیوں کے لیے ہی ہوتو آپ کو یقینی بنانا چاہیے کہ کلچ پیڈل ہٹا دیا گیا ہو۔

## 8. گاڑی کا انتخاب کرتے وقت مجھے کن نکات پر غور کرنا چاہیے؟

- قطع عضو کے بعد ایک خودکار کار چلانا اکثر اوقات سب سے محفوظ طریقہ ہے۔
- آپ کے مصنوعی عضوکے ساتھ یا اس کے بغیر گاڑی میں بیٹھنے یا باہر نکلنے میں آسانی ہوتی ہے۔
- کار کی اونچائی وہیل چیئر کی اونچائی کے برابر ہوتی ہے۔
- دروازے کی دہلیز کی اونچائی یا مصنوعی عضو کو اوپر اٹھانے کی صلاحیت۔
- سیٹ ایڈجسٹ کرنے کے متبادل دستیاب ہیں جیسا کہ سیٹ کتنی پیچھے جا سکتی ہے، کیا ایکسٹینڈڈ رنرز کی ضرورت ہے وغیرہ۔
- پاؤں کی جگہ پر آپ کے مصنوعی عضو کے لیے مناسب جگہ۔ یا اگر آپ کے گھٹنے کے بالائی حصے (ٹرانس فیمورل) کو کاٹا گیا ہو تو اسٹیئرنگ وہیل کے نیچے۔
- خریدنے سے پہلے ٹرائی کر لیں۔ خریدنے سے قبل عملی طور پر گاڑی کے اندر بیٹھنے یا باہر نکلنے کا جائزہ لیں۔

- آپ وہیل چیئر یا موبلٹی ایڈز کو بوٹ میں کیسے محفوظ کریں گے۔
- ہیچ بیک کا بوٹ اکثر اونچا ہوتا ہے وہیل چیئر کو اندر رکھنا یا باہر نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ کیا آپ اپنی وہیل چیئر کو کھول کر بوٹ میں محفوظ کرنے کے لیے توازن برقرار رکھ سکتے/سکتی ہیں؟
- گاڑی میں ایندھن بھرنے کے لیے آپ کو کن تکنیکوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

## 9. کوئی حتمی تجاویز؟

ہم تجویز کرتے ہیں کہ قطع عضو کے بعد آپ کسی منظور شدہ ڈرائیونگ انسٹرکٹر سے مناسب طریقے سے موافقت پذیر کار کی تربیت حاصل کریں۔ یہ آپ کو اپنی ڈرائیونگ کی مہارتوں کو کسی بھی موافقت پذیر آلات کے ساتھ استعمال کرنے اور موافقت پذیر بنانے دیتا ہے۔

ایک منظور شدہ انسٹرکٹر سے ڈرائیونگ اسباق لینا بھی ایک خودمختار فریق کی طرف سے آپ کی قابلیت کی نشاندہی کرے گا۔

## 10. مزید معلومات

قطع عضو اور دستیاب موافقت پذیری کے بعد مزید معلومات کے لیے ملاحظہ فرمائیں
www.rica.org.uk/content/ motoring-after-amputation

**ضمیمہ جات**

**1. موافقت پذیر کاروں والے مقامی ڈرائیونگ اسکولز۔**

**2. اسکاٹ لینڈ میں تبدیلی کرنے کے ماہرین۔**

**یاد رکھیں یہ کتابچہ صرف عام رہنمائی کے لیے ہے۔ قانونی طور پر ڈرائیور اس بات کا پابند ہے کہ وہ گاڑی پر مکمل کنٹرول رکھتا ہو۔**

**یہ کتابچہ صرف عام رہنمائی کے لیے ہے۔**

## رابطے کی تفصیلات

**پتہ:**

WestMARC [ویسٹ مارک]

کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہاسپیٹل

1345 گواہن روڈ،

گلاسگو G51 4TF

**کھلنے کے اوقات:**

| | |
|---|---|
| سوموار تا جمعہ | صبح کے 8:30 بجے تا سہہ پہر کے 4:30 بجے تک |

| | |
|---|---|
| ٹیلیفون: | 0844 811 3001 |
| سوموار تا جمعہ | صبح کے 8:45 بجے - سہہ پہر کے 4:15 بجے تک |
| ای میل کا پتہ: | westmarc@ggc.scot.nhs.uk |

اسکاٹش آکوپیشنل تھراپی ایمپیوٹی گروپ کی طرف سے تیار کردہ
پروستھیٹکس او ٹی Westmarc اپریل 2018

## ضمیمہ 1

**اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس**

ٹیلیفون: 0131 537 9192

**خودکار اور موافقت پذیر گاڑیوں کا ڈرائیونگ اسکولز اسٹریتھ کلائیڈ**

| | |
|---|---|
| **باکسٹر اسکول آف موٹرنگ**<br>21 باؤلنگ گرین روڈ اسٹراتھاون<br>لنارکشائر ML10 6DR<br>ٹیلیفون: **0800 731 2720**<br>ای میل: **baxterdrivingschool@hotmail.co.uk**<br>ویب: **www.baxterdrivingschool.co.uk**<br>**زیر احاطہ علاقہ:** لنارکشائر اور تمام گلاسگو | **نسان مائیکرا خودکار پاور اسٹیئرنگ کے ساتھ (3 دستیاب ہیں)**<br>(اگر طالب علم کی طرف سے فراہم کی جائے تو گاڑی میں خوشی سے سادہ تبدیلیاں کریں گے یعنی اسٹیئرنگ وہیل نوب، اشارے کی توسیع وغیرہ)۔<br>خود کار کاروں کے ساتھ مرد اور عورتیں<br>( تجدید کردہ اکتوبر 2019) |

| | |
|---|---|
| **برٹش اسکول آف موٹرنگ (بی ایس ایم)** (ایلسٹر وارڈ)<br>گلاسگو<br>ٹیلیفون: **08457 276 276**<br>(نیشنل بی ایس ایم نمبر) موبائل:<br>**07830 333213**<br>(ایلسٹر وارڈ)<br>ای میل: **aliward1971@live.co.uk**<br>ویب: **www.bsm.co.uk**<br>**زیر احاطہ علاقہ:** گلاسگو، گلاسگو کے جنوب کی طرف تک۔ | **Peugeot 308 خودکار پاور اسٹیئرنگ کے ساتھ**<br>**اختیاری:**<br>• دائیں ہاتھ کا پش؛ پل بریک، ایکسلریٹر<br>• اسٹیئرنگ وہیل نوب، اسپوک<br>• بائیں، دائیں اشارے<br>• بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر<br>• ٹی بار ہینڈ بریک کی تبدیلی<br>• ثانوی کنٹرول کے لیے انفرا ریڈ یونٹ<br>(تجدید کردہ اکتوبر 2019) |

**برٹش اسکول آف موٹرنگ**

(بی ایس ایم) (ٹام بائلز)

ہیمیلٹن

موبائل: **07889 019892**

ای میل: **t.byles@btinternet.com**

ویب: **www.bsm.co.uk**

**زیر احاطہ علاقہ:**

شمالی اور جنوبی لنارکشائر، مشرقی اور شمالی گلاسگو: ہیملٹن، مدر ویل، ایرڈری، کمبرناولڈ، ایسٹ کِلبرائیڈ، اڈنگسٹن، بلانٹائر، کوٹ برج اور ایسٹ اینڈ آف گلاسگو۔

**Peugeot 308 خودکار پاور اسٹیئرنگ کے ساتھ**

**اختیاری:**

- دائیں ہاتھ کا پش؛ پل بریک، ایکسلریٹر
- اسٹیئرنگ وہیل نوب، اسپوک, لالی پاپ گرفت
- بائیں، دائیں اشارے
- بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر
- خودکار ہینڈ بریک
- اسکینڈری کنٹرول کے لیے انفرا ریڈ یونٹ، اسٹیئرنگ وہیل نوب، لالی پاپ گریپ
- کشنز

(تجدید کردہ اکتوبر 2019)

**برٹش اسکول آف موٹرنگ (بی ایس ایم)**

(جیری اینڈرسن)

کلمرنوک

موبائل: **07903 246005**

ای میل: **gerald.anderson1@ btopenworld.com**

**زیر احاطہ علاقہ:** زیادہ تر آئرشائر۔ اگر بیمہ شدہ ہو تو کلائنٹ کی اپنی ہی کار میں ہدایت دینے کو تیار ہیں۔

**Peugeot 308 خودکار پاور اسٹیئرنگ کے ساتھ**

**اختیاری:**

- دائیں ہاتھ کا پش؛ پل بریک، ایکسلریٹر
- اسٹیئرنگ وہیل نوب، اسپوک, لالی پاپ گریپ
- بائیں، دائیں اشارے
- بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر
- ٹی بار ہینڈ بریک کی تبدیلی
- ثانوی کنٹرول کے لیے بلیو ٹوتھ یونٹ
- اضافی آئینے
- پیڈل ایکسٹینشنز

(تجدید کردہ اگست 2019)

| | |
|---|---|
| **جم کیمبل ڈرائیونگ اسکول**<br>273 گرینریگ روڈ کمبرنولڈ G67 2PN<br>ٹیلیفون: **01236 612016**<br>موبائل: **07862 213825**<br>زیر **احاطہ علاقہ:** گلاسگو، ایرڈری، کوٹ برج وغیرہ۔ | **خودکار کِیا ریو**<br>اسٹیئرنگ وہیل بال۔ دستی گیئر والی کار پر بھی ہدایات دے سکتے ہیں۔<br>(تجدید کردہ اکتوبر 2019) |
| **بیٹل ڈرائیور ٹریننگ** (جان کیمبل)<br>روز ووڈ پارک ہیملٹن ML3 9HR<br>موبائل: **07825 168300** - اگر ممکن ہو سکے تو مہربانی فرما کر ٹیکسٹ کریں<br>ای میل: **beetledrivertraining@gmail.com**<br>**زیر احاطہ علاقہ:** گلاسگو سٹی سنٹر، ایسٹ اینڈ، شاٹس، ایسٹ کِلبرائیڈ، لانارک وغیرہ۔ | **خودکار وی ڈبلیو بیٹل اسپورٹ**<br>اسٹیئرنگ وہیل بال<br>(تجدید کردہ 2019) |
| **برٹش اسکول آف موٹرنگ**<br>(تھامس مارمیون) گلاسگو G72 7DR<br>موبائل: **07729 612336**<br>ای میل: **thomasmarmion@btinternet.com**<br>**زیر احاطہ علاقہ:** تمام گلاسگو پوسٹ کوڈز اور ML3؛ 4؛ 5 | **خودکار Peugeot 308، کلائنٹ کی اپنی کار**<br>• پش، پل ہینڈ کنٹرولز<br>• بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر<br>• اسٹیئرنگ وہیل نوب<br>• ثانوی کنٹرول کے لیے انفرا ریڈ یونٹ<br>• محدب عدسہ<br>• ہینڈ بریک ایکسٹینشن<br>• ٹرانسفر بورڈ، ہنڈیبار<br>(تجدید کردہ جولائی 2019) |

**لارجز اسکول آف موٹرنگ**
(کینیتھ مائر)

22 سینٹ اینڈریوز ڈرائیو برج آف ویئر
PA11 3HS

ٹیلیفون: **01475 674880**
**0845 230 4880**

موبائل: **07914 014177**

ای میل: **info@lsmdriving.com**

**زیر احاطہ علاقہ:** لارگز، ایر، ارون، کِلبرنی، بیتھ، ڈیلری، گریناک، سالٹ کوٹس، اردروسن، ویسٹ کِلبرائیڈ، فیئرلی (اور درمیان کی ہر جگہ)

**خودکار کِیا ریو**

اسٹیئرنگ وہیل بال

(تجدید کردہ جولائی 2019)

---

**اینکر اسکول آف موٹرنگ**
(میری ٹاملنسن) کارلیس

ٹیلیفون: **01228 522366**

**زیر احاطہ علاقہ:** ساؤتھ ویسٹ اسکاٹ لینڈ، بشمول ڈمفریز

**خودکار رینالٹ کیپچر**

- بائیں پاؤں کا ایکسلریٹر
- پش بریک کے ساتھ ٹرگر ہینڈ آپریٹڈ ایکسلریٹر (اب معیاری پش نہیں، ہینڈ کنٹرول پل ہے)
- کے اوپر رِنگ ایکسلریٹر اور پش بریک (دائیں یا بائیں طرف)
- ثانوی کنٹرول کے لیے انفرا ریڈ یونٹ
- اسٹیئرنگ وہیل نوب

(تجدید کردہ جان 2019)

| | |
|---|---|
| **ہاروی اسکول آف موٹرنگ**<br>(پیٹر ہاروی)<br>پیسلے<br>ٹیلیفون: **01505 814823**<br>موبائل: **07774 139080**<br>ای میل: **harveyssom@ btinternet.com**<br>زیر احاطہ علاقہ: پیسلے، ایلڈرسلی، جان اسٹون، بیر ہیڈ | **خودکار نسان نوٹ**<br>اسٹیئرنگ وہیل بال<br>(تجدید کردہ جون 2019) |
| **ڈینیل کیمرون ڈرائیور ٹریننگ**<br>ٹیلیفون: **01536 530918**<br>**07920 004026**<br>ویب: **www.danielcameron.co.uk**<br>**زیر احاطہ علاقہ:** آئرشائر، یعنی کلمارنک، ارون، ٹرون، اردروسان وغیرہ۔ | **خودکار فورڈ فیسٹا**<br>(فی الحال کوئی ترمیم نہیں لیکن ایک آپشن کے طور پر غور کرنا)۔<br>(تجدید کردہ مارچ 2020) |

**اگرچہ ہم نے اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی ہے کہ اس شیٹ پر فراہم کردہ معلومات درست ہوں اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس یہاں درج فراہم کنندگان یا خدمات کے معیار یا قیمت کے بارے میں کسی قسم کی توثیق یا کوئی نمائندگی نہیں کرتی۔**

**ہم کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کر سکتے جو ان معلومات کے استعمال یا کسی بھی شخص کی طرف سے ان پر انحصار کرنے سے یا اس کے سلسلے میں پیدا ہو۔**

## ضمیمہ 2

**اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس**

ٹیلیفون: 0131 537 9192

**اسکاٹ لینڈ میں تبدیلی کرنے کے ماہرین**

**خدمات کے بارے میں معلومات:** 1 (ہینڈ کنٹرولز)، **2** (زیادہ نفیس پرائمری ہینڈ کنٹرولز)، **3** (ہلکا اسٹیئرنگ، بریکس، پیڈلز)، **4** (پارکنگ بریکس، گیئرز، کلچ کی موافقت)، **5** (ثانوی کنٹرولز)، **6** (نفیس کسٹم بلٹ کنٹرولز سلوشنز)، **7** (سیٹس - کشن)، **8** (دستی کنڈی والی سیٹیں)، **9** (پاورڈ لفٹنگ، کنڈی والی سیٹیں)، **10** (وہیل چیئر ہوئسٹس)، **11** (ڈبل کنٹرول بریک

| | | |
|---|---|---|
| **پی ایل موبلٹی**<br>بونی برج انڈسٹریل اسٹیٹ، مرنین روڈ، بونی برج،<br>سٹرلنگ شائر FK4 2BW<br>☎ **01324 562240**<br>**enquiries@plmobility.com**<br>**www.plmobility.org** | 1<br>2<br>3<br>4<br>5<br>6 | 7<br>8<br>9<br>10<br>11 |
| **کار کنٹرولز لمیٹڈ**<br>☎ 07968 073955<br>**harry@carcontrols.co.uk**<br>**www.dualcontrolsglasgow co.uk** | 11 | |
| **الائیڈ موبلٹی**<br>230 بالمور روڈ، گلاسگو G22 6LJ<br>0141 336 3211<br>**info@alliedmobility.com**<br>**www.alliedmobility.com** | 1<br>2<br>3<br>4<br>5 | 6<br>8<br>9<br>10 |

| | | |
|---|---|---|
| **ٹیک موبیلیٹی اسکاٹ لینڈ**<br>21 ہائی اسٹریٹ ایسٹ، اینسٹروتھر،<br>فائف KY10 3DG<br>☎ **01333 313932**<br>**murray@techmobilityuk.com**<br>**www.techmobilityuk.com** | 1<br>2<br>3<br>4<br>5 | 6<br>7<br>8<br>9<br>10 |
| سٹی موبلٹی<br>46a سی فیلڈ روڈ،<br>انورنس IV1 1SG<br>☎ 01463 250850<br>**info@city-mobility.co.uk**<br>**www.city-mobility.co.uk** | 1<br>2<br>4<br>5<br>6 | 7<br>8<br>9<br>10<br>11 |
| **جارج کوون وہیکل کنورزنز**<br>17 ہلٹن روڈ، کاؤڈن بیتھ<br>KY4 9EJ<br>☎ 07900 216496<br>**gcvcon@aol.com** | 1<br>2<br>4<br>5<br>10 | |
| **آڈاپٹو موبلٹی**<br>آلڈھل روڈ، برجینڈ، لن لتھگو<br>EH49 6NH<br>☎ 01506 834733 / 07826 110452<br>ای میل: dav7958@aol.com ویب:<br>www.adaptmobility.me.uk | 1<br>2<br>3<br>4<br>5 | 8<br>9<br>10 |

| | | |
|---|---|---|
| **دی اڈاپٹیشن انسٹالیشن کمپنی (اے آئی سی) / آٹو چیئر لمیٹڈ**<br>یونٹ 10، 91 برمونٹ اسٹریٹ، گلاسگو<br>G41 1LU<br>☎ 01592 655460<br>**info.glasgow@taic.co.uk**<br>**https://taic.co.uk/**<br>**( www.autochair.co.uk )** | 1<br>2<br>3<br>4<br>5<br>6 | 7<br>8<br>9<br>10<br>11 |
| **اے جے این اڈاپشنز**<br>39 فورسٹ اسٹریٹ، سینٹ اینڈریوز KY16 8HR<br>☎ 07977 150465<br>ajnadaptions@gmail.com<br>www.ajnadaptions.co.uk | 1<br>2<br>4<br>5<br>6 | 10<br>11 |

**اگرچہ ہم نے اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی ہے کہ اس شیٹ پر فراہم کردہ معلومات درست ہوں اسکاٹش ڈرائیونگ اسسمنٹ سروس یہاں درج فراہم کنندگان یا خدمات کے معیار یا قیمت کے بارے میں کسی قسم کی توثیق یا کوئی نمائندگی نہیں کرتی۔**

**ہم کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کر سکتے جو ان معلومات کے استعمال یا کسی بھی شخص کی طرف سے ان پر انحصار کرنے سے یا اس کے سلسلے میں پیدا ہو۔**